NYC Consumer and Worker Protection

# حقوق کا نوٹس:
# تعمیراتی کارکنان

اگر آپ کنسٹرکشن لیبر پرووائیڈر کے لیے کام کرتے ہیں،[1] تو آپ کو **ترک وطن کی حیثیت یا گرفتاری کے پچھلے ریکارڈ سے قطع نظر** حقوق حاصل ہیں۔ NYC محکمہ برائے صارفین اور کارکنان کا تحفظ کی جانب سے لائسنس یافتہ کنسٹرکشن لیبر پرووائیڈر کو لازمی طور پر آپ کو یہ نوٹس انگریزی اور آپ کی بنیادی زبان میں دینا چاہیے۔

**اس نوٹس کو غور سے پڑھیں، دستخط کریں اور ایک کاپی اپنے پاس سنبھال کر رکھ لیں۔**

## تحفظ اور بیماری کی چھٹی

آپ کو اپنی یا کسی ایسے شخص کی نگہداشت کرنے کا حق حاصل ہے جسے آپ خاندان سمجھتے ہیں، طبی ضروریات کے لیے یا گھریلو تشدد یا تعاقب سے تحفظ حاصل کرنے کے لیے۔ آپ اپنے آجر کے سائز کے لحاظ سے ہر سال 40 یا 56 گھنٹے تک ہر 30 گھنٹے کام کرنے پر 1 گھنٹے کی شرح سے تحفظ اور بیماری کی چھٹی حاصل کرتے ہیں۔

آپ کے آجر پر لازم ہے کہ:

- وہ آپ کو ایک تحریری تحفظ اور بیماری کی چھٹی کی پالیسی دے جو آپ کی مراعات کو استعمال کرنے کے طریقے کی وضاحت کرتی ہو۔
- وہ آپ کو تنخواہ کی ہر ایک مدت پر بتائے کہ آپ نے کتنی تحفظ اور بیماری کی چھٹی استعمال کی ہے اور کتنی باقی بچی ہے۔

⇐ مزید جاننے یا شکایت درج کرانے کے لیے، NYC محکمہ برائے صارفین اور کارکنان کے تحفظ سے رابطہ کریں:

**311** پر کال کریں | nyc.gov/workers ملاحظہ کریں

## محفوظ اور صحت مند کام کی جگہ

آپ کے کام کی جگہ معلوم صحت اور حفاظت کے خطرات سے پاک ہونی چاہیے۔ کوئی ممکنہ طور پر خطرناک کام شروع کرنے سے پہلے آپ کو اپنے آجر سے اس زبان میں معلومات اور تربیت حاصل کرنے کا بھی حق حاصل ہے جو آپ سمجھتے ہیں۔

⇐ مزید جاننے یا شکایت درج کروانے کے لیے، پیشہ ورانہ حفاظت اور صحت کی انتظامیہ سے رابطہ کریں (Occupational Safety and Health Administration, OSHA):

800-321-OSHA (**800-321-6742**) پر کال کریں | OSHA.gov ملاحظہ کریں

اس کے علاوہ، اس سے پہلے کہ آپ کا آجر آپ کو کسی بڑی تعمیراتی جگہ پر کا م تفویض کرے، آپ کے آجر کو یہ یقینی بنانا ہوگا کہ آپ کو کم از کم 40 گھنٹے کی حفاظت کی تربیت دی جائے۔ آپ کو سائٹ سیفٹی ٹریننگ کارڈ ضرور دیا جانا چاہیے اور آپ کو اسے تعمیراتی جگہ پر اپنے پاس رکھنا ہوگا۔

⇐ مزید جاننے یا شکایت درج کرانے کے لیے، NYC محکمہ تعمیرات سے رابطہ کریں:

**311** پر کال کریں / nyc.gov/dobhelp ملاحظہ کریں

---

[1] کنسٹرکشن لیبر پرووائیڈر وہ شخص ہوتا ہے جو معاوضے کے بدلے تھرڈ پارٹی کلائنٹس کو ان کے نیو یارک سٹی میں تعمیراتی مقامات کے لیے احاطہ کردہ تعمیراتی کارکنان کو ملازمت دیتا اور سپلائی کرتا ہے۔

## درکار تحریری نوٹس

اس سے پہلے کہ آپ ملازمت کے معاہدے پر دستخط کریں یا کنسٹرکشن لیبر پروائیڈر کے لیے کام کرنے پر رضامند ہوں، آپ کے مستقبل کے آجر کو لازمی طور پر آپ کو **سرٹیفیکیشن کا نوٹس** دینا چاہیے جس کے ذریعے آپ کو درج ذیل کی اطلاع دی گئی ہو:

- کوئی بھی سرٹیفیکیشن، ٹریننگ، یا دیگر عہدے جن کی آپ کو اپنا کام کرنے کیلئے ضرورت ہے؛
- متوقع لاگت؛ اور
- یہ کہ آیا آپ کا آجر ادائیگی کرے گا۔

کسی نئی تعمیراتی جگہ پر جانے سے پہلے، آپ کے آجر کو آپ کو **اسائنمنٹ کا نوٹس** لازمی طور پر دیا جانا چاہیے جس کے ذریعے آپ کو درج ذیل کی اطلاع دی گئی ہو:

- وہ کام جو آپ کریں گے؛
- سامان اور حفاظتی لباس جو آپ کو درکار ہوں گے؛
- جتنے گھنٹے آپ سے کام کرنے کی توقع کی جا سکتی ہے؛
- ملازمت کتنے عرصے تک چلنے کی توقع ہے؛
- تنخواہ اور مراعات، بشمول کارکنان کے معاوضے کی کوریج۔

⇐ مزید جاننے یا شکایت درج کرانے کے لیے، NYC محکمہ برائے صارفین اور کارکنان کے تحفظ سے رابطہ کریں:

**311** پر کال کریں | nyc.gov/workers ملاحظہ کریں

## کم از کم اجرت اور اوور ٹائم

نیو یارک سٹی کے لیے کم از کم اجرت $15 فی گھنٹہ ہے۔

آپ کو ہر اس گھنٹے کیلئے ادائیگی کی جانی چاہیے جس میں آپ کام کرتے ہیں، بشمول آپ کی طے شدہ شفٹ سے پہلے اور/یا بعد کا کام اور آپ کی طے شدہ شفٹ کے دوران سفر میں گزارا ہوا وقت۔

اگر آپ ہفتے میں 40 گھنٹے سے زیادہ کام کرتے ہیں، تو آپ کے آجر کو آپ کو 40 سے زائد گھنٹے کام کرنے والے اوور ٹائم کے لیے ڈیڑھ گنا ادائیگی کرنا ہوگی۔ *آپ کو یہ حق حاصل ہے چاہے آپ کا آجر آپ کو روزانہ کی شرح یا مطلق ہفتہ وار تنخواہ ادا کرے۔*

⇐ مزید جاننے کے لیے یا شکایت درج کرانے کے لیے، نیو یارک اسٹیٹ محکمہ محنت و مزدوری سے رابطہ کریں:

**888-469-7365** پر کال کریں | labor.ny.gov ملاحظہ کریں

## کارکنان کا معاوضہ

اگر آپ دوران ملازمت کسی چوٹ یا بیماری کی وجہ سے معذور ہو جاتے ہیں تو آپ کو نقد مراعات اور طبی نگہداشت کا حق حاصل ہے۔

⇐ مزید جاننے کے لیے، نیویارک اسٹیٹ ورکرز کمپنسیشن بورڈ سے رابطہ کریں:

**877-632-4996** پر کال کریں | wcb.ny.gov ملاحظہ کریں

## بے روزگاری بیمہ

اگر آپ اپنی کسی غلطی کے بغیر اپنی ملازمت سے محروم ہو جاتے ہیں تو بے روزگاری بیمہ عارضی آمدنی فراہم کرتا ہے۔

⇐ مزید جاننے یا درخواست دینے کے لیے، نیو یارک اسٹیٹ محکمہ محنت و مزدوری سے رابطہ کریں:

**888-469-7365** پر کال کریں | labor.ny.gov ملاحظہ کریں

## امتیازی سلوک سے پاک کام کی جگہ

شہر، ریاست، اور وفاقی قانون کارکن کی ان حقیقی یا سمجھی گئی بنیاد پر امتیازی سلوک کو ممنوع قرار دیتے ہیں:

- عمر
- اجنبی یا شہریت کی حیثیت
- گرفتاری یا سزا کا ریکارڈ
- نگراں کی حیثیت
- رنگ
- کنزیومر کریڈٹ ہسٹری
- معذوری
- جینیات
- ازدواجی، شراکت داری، یا خاندانی حیثیت
- فوجی حیثیت
- قومی اصلیت
- حمل
- نسل
- مذہب/عقیدہ
- جنس، صنف یا صنفی شناخت (جنسی ہراسانی بھی شامل ہے)
- جنسی رجحان
- گھریلو تشدد، تعاقب، اور جنسی جرائم کے شکار کی حیثیت
- بے روزگاری کی حالت

⇐ مزید جاننے یا شکایت درج کرانے کے لیے، NYC کمیشن برائے انسانی حقوق سے رابطہ کریں:

**311** پر کال کریں | nyc.gov/humanrights ملاحظہ کریں

## کوئی انتقامی کارروائی نہیں

ملازمین کو قانون کے تحت اپنے حقوق کا استعمال کرنے پر، بشمول شکایات کرنے اور خلاف ورزیوں کی اطلاع دینے پر، دھمکیاں دینا، سزا دینا یا برطرف کرنا غیر قانونی ہے۔

⇐ مزید جاننے یا شکایت درج کرانے کے لیے، NYC محکمہ برائے صارفین اور کارکنان کے تحفظ سے رابطہ کریں:

**311** پر کال کریں | nyc.gov/workers ملاحظہ کریں

**کارکن کا دستخط شدہ بیان:**

مجھے، ______________________________ *[جلی حروف میں نام]*، ____________________ *[تاریخ]* کو ملازمت پر رکھا گیا، اور حقوق کا یہ نوٹس مجھے میری بنیادی زبان میں موصول ہوا۔ میری بنیادی زبان ____________________ *[جلی حروف میں زبان]* ہے۔ میں نے اس نوٹس کو پڑھ اور سمجھ لیا ہے۔

____________________ کارکن کو نوٹس دینے کی تاریخ

____________________ کارکن کا دستخط

**اہم بات: آپ یہ نوٹس اپنی بنیادی زبان میں موصول کرنے کے مستحق ہیں۔**